Press Release
پریس ریلیز
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی‘ حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606‘ 15-23006612 (104)‘ فیکس:23006606‘ ای میل:۔manuupro1@yahoo.com‘ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

23/جولائی2018

اُردو یونیورسٹی میں 28/جولائی کو برسر موقع داخلے

حیدرآباد، 23/جولائی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد اور لکھنؤ کیمپس میں مختلف انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگرامس میں میرٹ کی اساس پر 28/مئی کو 9:30 بجے صبح اہل امیدواروں کو برسر موقع داخلہ دیا جائے گا۔ ویٹ لسٹ امیدواروں کے داخلے کے لیے کونسلنگ 25/جولائی کو معلنہ شیڈیول کے مطابق منعقد ہوگی۔

پروفیسر فضل الرحمٰن، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب حیدرآباد اور لکھنؤ میں ایم اے (اردو، انگریزی (صرف لکھنؤ میں)، ہندی، عربی، مطالعات ترجمہ، فارسی؛ مطالعات نسواں، پبلک ایڈمنسٹریشن، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سوشیالوجی؛ ایم اے (صحافت وترسیل عامہ)؛ ایم کام اور ایم ایس سی (ریاضی))؛ انڈر گریجویٹ پروگرامس میں بی اے، بی اے (آنرس)۔ جے ایم سی، بی کام، بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی سی)/ بی ایس سی (طبیعی علوم-ایم پی ایس) اور بی ایس سی (حیاتی علوم-زیڈ بی سی)؛ مدارس کے فارغ طلبہ کے لیے برائے داخلہ انڈر گریجویٹ (بی کام/ بی ایس سی) اور پالی ٹیکنک پروگرامس کے لیے برج (رابطہ) میں داخلے دستیاب ہوں گے۔

برسر موقع داخلے کا عمل حیدرآباد میں مانو پالی ٹیکنیک اور لکھنؤ کیمپس میں منعقد ہوگا۔

داخلے کے خواہشمند طلبہ تمام ضروری اسناد اور ان کی دو سیٹ فوٹو کاپی کے علاوہ اپنے ہمراہ ڈیبٹ، کریڈٹ کارڈ یا نیٹ بینکنگ کا پاسورڈ وغیرہ ساتھ رکھیں تاکہ ایڈمیشن کے فوری بعد آن لائن فیس داخل کرسکیں۔ اہلیت و دیگر تفصیلات کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in دیکھی جاسکتی ہے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر